SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

PRESS RELEASE

For immediate release

May 17, 2019

ایس ای سی پی کے سٹاک مارکیٹ میں استحکام کے لئے اقدامات

اسلام آباد(17 مئی)چیئر مین سیکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان، فرخ سبزواری نے کیپیٹل مارکیٹ سٹیک ہولڈرز کے ساتھ اجلاس میں کمیشن کی جانب سے مارکیٹ میں استحکام کے لئے کئے جانے والے اقدامات سے آگاہ کیا۔

مارکیٹ سٹیک ہولڈرز کے ساتھ اجلاس میں ایس ای سی پی کے کمشنر سیکیورٹیز مارکیٹ ڈویژن، پاکستان سٹاک ایکسچینج، نیشنل کلیئرنگ کمپنی آف پاکستان، سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی، بروکروں کے نمائندوں، میوچل فنڈز ایسوسی ایشن اور انشورنس کمپنیوں کے نمائندوں نے شرکت کی۔اجلاس میں کیپیٹل مارکیٹ کے حالیہ رجحان اور سٹیک ہولڈرز کو درپیش مسائل کا تفصیلی جائزہ بھی لیا گیا۔

مارکیٹ سٹیک ہولڈرز نے چیئر مین ایس ای سی پی کو ڈیلیور ایبل فیوچر مارکیٹ میں بلینک سیل کے مسئلہ سے آگاہ کیا۔چیئر مین فرخ سبزواری نے یقین دہانی کروائی کہ اس حوالے سے موجودہ ریگولیٹری تقاضوں کا بین الاقوامی معیارات کی روشنی میں از سر نو جائزہ لیا جائے گا اور سٹیک ہولڈرز کو درست اور بروقت معلومات کی فراہمی کے سلسلے میں تمام حقیقی خدشات کا ازالہ کیا جائے گا۔چیئر مین ایس ای سی پی کے حکم پر ایس ای سی پی کے متعلقہ ڈیپارٹمنٹ نے فوراً ہی ڈیلیور ایبل فیوچرز مارکیٹ میں ٹریڈ ماڈیفی کیشن کے مسئلہ کو حل کر دیا۔

اجلاس میں کیپیٹل مارکیٹ کے سٹیک ہولڈرز کی جانب سے کیپیٹل مارکیٹ میں ضروری لیکوٹی اور سرمایہ کاروں میں اعتماد پیدا کرنے کے لئے مارکیٹ سپورٹ فنڈ کے قیام کی ضرورت پر بھی زور دیا گیا۔اجلاس کے شرکاء نے اس بات پر اتفاق کیا کہ سٹاک مارکیٹ کی کارکردگی کا معاشی اشاریوں سے گہرا تعلق ہے اور معشیت کے استحکام کے لئے کئے جانے والے اقدامات کا مارکیٹ پر بھی مثبت اثر پڑے گا۔ کیپیٹل مارکیٹ سٹیک ہولڈرز نے ایس ای سی پی کی جانب سے حال ہی میں لسٹڈ کمپنیوں کے لئے بائے بیک ریگولیشنز کے مسودے کے اجراء کو سراہا اور امید ظاہر کی کہ ایسی مثبت اقدامات سے مارکیٹ میں کیپیٹل مینجمنٹ کے معیارات بہتر ہوں گے۔چیئر مین ایس ای سی پی نے کہا کہ ریگولیشنز کے مسودے پر تمام سٹیک ہولڈرز نے سے مشاورت مکمل ہونے پر انہیں جلد نافذ کر دیا جائے گا۔

فرخ سبزواری نے اجلاس کے شرکاء کو بتایا کہ ایس ای سی پی مارکیٹ کے لئے ایک نئی شریعہ کمپلائنٹ پراڈکٹ، مراحبا شیئر فنانسنگ کو حتمی شکل دے رہا ہے اور جلد ہی اس کی منظوری دے دی جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ نئی شریعہ کمپلائنٹ پراڈکٹ مارکیٹ کے فروغ میں معاون ہو گی۔ چیئرمین ایس ای سی پی نے تمام شرکاء کو مارکیت میں استحکام اور فروغ کے لئے اپنی مکمل اور مسلسل تعاون کا یقین دلایا۔